PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

2024-26 کے لیے ہوم انٹرنیشنل سیریز کے حقوق میں 61 فیصد اضافہ

لاہور، 3 اکتوبر 2024ء:

ٹرانس گروپ ایف زیڈ ای نے عوامی بولی کے عمل کے مطابق اکتوبر 2024 سے دسمبر 2026 کے دوران آنے والی بین الاقوامی مردوں اور خواتین کی ہوم سیریز کے لیے سیریز کے شراکتی حقوق کے حصول کے لیے سب سے زیادہ بولی جمع کرائی ہے جو پچھلے رائٹ سائیکل سے 61 فیصد زیادہ ہے۔

اکتوبر 2024 سے دسمبر 2026 تک، پاکستان اگلے سال پاکستان میں ہونے والی آئی سی سی چیمپیئنز ٹرافی 2025 کے میچوں کے علاوہ پاکستان مینز کے 9 ٹیسٹ، 26 ون ڈے اور 24 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچوں کی میزبانی کرے گا۔

چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی سلمان نصیر:

دو سال کے لیے سیریز پارٹنرشپ رائٹس کا دیا جانا پاکستانی شائقین کے لیے ایک اچھی خبر ہے کیونکہ ہم اگلے 26 ماہ میں دو طرفہ اور سہ فریقی سیریز کی میزبانی کے منتظر ہیں۔ ان حقوق کی قدر میں اضافہ پاکستان کرکٹ برانڈ کی ترقی کی نشاندہی کرتا ہے۔ ہم ٹرانس گروپ ایف زیڈ ای کے ساتھ اپنی شراکت کو سراہتے ہیں اور پاکستان کرکٹ کے لیے ان کی مسلسل حمایت کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

ٹرانس گروپ ایف زیڈ ای کے چیف آپریٹنگ آفیسر راؤ عثمان ہاشم خان۔

یہ اعزاز کی بات ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے ساتھ خصوصی طور پر 2026 تک سیریز پارٹنر شپ / اسپانسر شپ کے حقوق پر ان کے ساتھ شراکت داری کرتے ہوئے اپنے ہمیشہ سے مضبوط بانڈ کو جاری رکھا۔ ٹرانس گروپ ہمیشہ پی سی بی کے ساتھ کھڑے رہنے اور پاکستان کرکٹ میں زیادہ سے زیادہ کمرشل ویلیو فراہم کرنے پر فخر محسوس کرتا ہے ہم پی سی بی کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں تا کہ ملک بھر اور عالمی سطح پر شائقین کو کرکٹ کے غیر معمولی تجربات فراہم کیے جا سکیں۔

-END-

Media contact:
Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial